نقد وتبصرہ

شعور آگہی۔ افادات مولانا عبید اللہ سندھی

مرتب و مؤلف: سید مطلوب علی زیدی

ناشر: عزیز پبلی کیشنز لاہور، ملنے کا پتہ: مکتبہ حنفیہ، اردو بازار، گوجرانوالہ

صفحات: ۱۵۰، قیمت ۴۵ روپے

امام انقلاب مولانا عبید اللہ سندھی کے افادات و افکار اور تحقیقات و تفاسیر میں ان گنت رسالے، کتابچے، خطبات، مقالات اور تالیفات شائع ہو چکی ہیں لیکن ایسی تالیفات و ترتیبات کی

ضرورت ہنوز باقی ہے کہ مختلف ذہنی سطح کے لوگوں کی فکری تربیت کے لیے چھوٹی بڑی کتابیں، رسائل اور کتابچوں کی صورت میں ملک کی مختلف زبانوں میں وقتاً فوقتاً شائع کی جاتی رہیں۔ زیدی صاحب نے اس مصلحت سے مولانا سندھی مرحوم کے افکار و افادات کا مجموعہ مرتب کر کے چھپوا دیا ہے افادات کے چند خاص عنوان یہ ہیں:

انسانیت کے بنیادی اخلاق، انسان پرستی، انسان دوستی، نظریۂ تمدن، جہاد انقلاب، قرآن کا اعجاز، ارتفاقات، تاریخ اسلام پر ایک نظر، قومی حکومتوں کا دور، شاہ ولی اللہ کی سیاسی تحریک قرآن کا انٹرنیشنل انقلاب۔

اس پر مولانا سعید احمد اکبرآبادی مرحوم اور مولانا سعید احمد رائے پوری کے قلم سے مختصر تقریظات ہیں جو اصحاب ذوق مولانا سندھی کے افادات کے مطالعے کے شائق ہیں ان کے لیے یہ تالیف ایک عمدہ تحفہ ہے۔ (ابن بشر)